9۔ ترتیب

۹۔ ترتیب

مسئلہ۲۹۹۔ نماز پڑھنے والے کے لئے ضروری ہے کہ نماز کو بتائی گئی ترتیب کے مطابق پڑھے اور ہر جزء کو اس کے مخصوص مقام پر ادا کرے بنابرایں اگر کوئی عمداً اس ترتیب کی رعایت نہ کرے مثلاً الحمد سے پہلے سورہ پڑھے یا رکوع سے پہلے سجدہ کرے تو اس کی نماز باطل ہے۔

مسئلہ۳۰۰۔ اگر کسی رکن کوبھول جائے اور اس کے بعدوالے رکن میں پہنچنے کے بعد یاد آئے مثلاً دونوں سجدے بھول جائے اور اگلی رکعت کے رکوع میں یاد آئے تو نماز باطل ہے۔

مسئلہ۳۰۱۔ اگر کسی رکن کو بھول جائے اور غیر رکن جزء کو انجام دے اور بعد والے رکن میں پہنچنے سے پہلے یاد آئے تو اس (بھول جانے والے) رکن کو بجالائے اور اس کے بعد غلطی سے جس جزء کو بجالایا ہے دوبارہ انجام دے مثلاً تشہد پڑھنے کے بعد یاد آئے کہ دونوں سجدے بھول گیا ہے تو دونوں سجدے بجالانے کے بعد دوبارہ تشہد پڑھے۔

مسئلہ۳۰۲۔ اگر ایسا جزء ادا کرنا بھول جائے جو رکن نہیں ہے اور اس کے بعدوالے رکن میں پہنچنے کے بعد یاد آئے مثلاً الحمدپڑھنا بھول جائے اور رکوع میں متوجہ ہو کہ الحمد نہیں پڑھی ہے تو اس کی نماز صحیح ہے اور الحمد پڑھنے کے لئے نہیں پلٹ سکتا ہے۔

مسئلہ۳۰۳۔ اگر ایسا جزء ادا کرنا بھول جائے کہ جو رکن نہیں ہے اور اس کے بعد والے غیر رکنی جزء کو انجام دے اور رکن میں پہنچنے سے پہلے یاد آئے مثلاً الحمدپڑھنا بھول جائے اور سورہ پڑھے اور رکوع میں جانے سے پہلے متوجہ ہوجائے تو پہلےبھول جانے والے جزء (الحمد) کو پڑھے اور اس کے بعد جس جزء (سورہ) کو غلطی سے پہلے پڑھا ہے، دوبارہ پڑھے۔